## سوال

کپڑوں کی پاکی۔

## جواب

کپڑوں کی صفائی ؟ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کبھی کبھار میری شلوار پر سفید قطرہ یا پیشاب کا قطرہ نکل کر گر جاتا ہے ۔ میں ہاتھ میں تھوڑا سا پانی لے کے اس جگہ پے مل دیتا ہوں ۔ کیا اس طرح میرے کپڑے پاک ہو جائیں گے ؟ اور کیا ان کپڑوں میں نماز درست ہے ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! یہ بھی ایک بیماری ہے جسے سلسلۃ البول کا نام دیا جاتا ہے ، اور انسان کے اپنے اختیار میں نہیں ہے ، لہذا آپ جو کر رہے ہیں وہی درست ہے اور اس میں آپ کی نماز بھی ہو جائے گی ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دار الافتاء محدث